BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

# ایکسپلور برامپٹن یوتھ پاس بنوانے کے لیے درخواستیں اب وصول کی جا رہی ہیں

برامپٹن، آن (27 مارچ 2023) - برامپٹن کی جی بھر کر سیر کریں اور اس موسم گرما میں برامپٹن یوتھ پاس کے ساتھ فعال رہیں۔

سٹی آف برامپٹن 12-16 سال کی عمر کے برامپٹن کے رہائشیوں کے لیے 2,000 تک ایکسپلور برامپٹن یوتھ پاسز کی پیشکش کر رہا ہے۔ پاس ہولڈرز کو برامپٹن ٹرانزٹ پر مفت سفر کرنے کی سہولت میسر ہو گی اور اس کے علاوہ انہیں برامپٹن ریکریئیشن کے منتخب شدہ تفریحی پروگراموں بشمول تیراکی، اسکیٹنگ اور دیگر کھیلوں تک رسائی حاصل کرنے کے لیے نقل و حمل کی مفت سہولت بھی دستیاب ہو گی۔

ایکسپلور برامپٹن یوتھ پاس کے لیے درخواست فارم کی وصولی کا عمل آج سے شروع کیا جا رہا ہے۔ یہ پاس موسم گرما کے مہینوں میں 1 جولائی تا 4 ستمبر 2023 تک قابل قبول رہیں گے۔

2022 میں، سٹی کونسل نے پائلٹ پروجیکٹ کی توثیق کی جس کا مقصد نوجوانوں کے لیے شہر بھر میں رسائی کے مواقع میں اضافہ کرنا ہے۔ 1,200 سے زیادہ درخواستوں کی منظوری دی گئی ہے جس میں سب سے اوپر تین تفریحی ڈراپ ان پروگرام فٹنس، سوئمنگ اور باسکٹ بال شامل ہیں۔

برامپٹن یوتھ پاس کے بارے میں مزید معلومات کے لیے اور درخواست دینے کے لیے یہاں کلک کریں۔

اپنے نوجوانوں کے لیے ترقی اور نشونما کے مواقع کی فراہمی کے حوالے سے سٹی آف برامپٹن کی شاندار کارکردگی پر اس کی خدمات کو خوب سراہا گیا ہے اور اس نے پلے ورکس کی جانب سے پلاٹینم اسٹیٹس یوتھ فرینڈلی کمیونٹی کا اعزاز حاصل کیا ہے، یہ پروگرام پچھلے تین سال سے پارکس اینڈ ریکریئیشن اونٹاریو کے تعاون سے پیش کیا گیا ہے۔

**اقتباسات**

"یہ پروگرام ہماری کمیونٹی میں نوجوانوں کے لیے رسائی اور مواقع کو بڑھانے کے بارے میں ہے، جس سے ہمارے شہر کو ایک صحت بخش، خوشگوار اور دلچسپ بنایا جا رہا ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ نقل و حرکت کے فعال نیٹ ورکس کی تعمیر اور کھیلوں اور تفریح تک رسائی کو آسان بنانے کے لیے رکاوٹوں کو دور کرنا ایک اچھی روایت ڈالنے اور ایسے روابط بنانے میں مدد فراہم کرتا ہے جو نوجوانوں کی زندگیوں میں دیرپا اور مثبت اثرات مرتب کریں گے۔"

*- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"محفوظ اور صحت مند کمیونٹیز بنانے کے لیے قابل رسائی پروگراموں کے فروغ کے عزم کی ضرورت ہوتی ہے اور ایکسپلور برامپٹن یوتھ پاس ہمارے اس عزم کی بھرپور حمایت کرتا ہے۔ سٹی کے پاس ہمارے تمام تفریحی مراکز میں پیش کرنے کے لیے بہت کچھ دستیاب ہے۔ برامپٹن کا ہر کونہ گوشہ مواقع سے بھرپور ہے، چاہے وہ ایک نئی ٹیم کی تلاش ہو، تیراکی، اسکیٹنگ، ہائیکنگ یا بائیکنگ جیسی دلچسپیاں ہوں۔ ہمارے پاس نقل و حرکت کا ایک انتہائی شاندار یقین نیٹ ورک بھی موجود ہے جس کی مدد سے ہم اپنی کمیونٹی کو جوڑتے ہوئے اور بہت سے مفید امکانات کی پیشکش کرتے رہتے ہیں۔"

*- رووینا سینٹوس، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ چیئر، کمیونٹی سروسز*

-30-

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca